PR NO44

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

<u>وفاقی محتسب کے فیصلوں پرعملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں</u>

سال رواں میں شکایات کی تعداد ایک لاکھ 90 ہزار سے بڑھ جانے کا امکان ہے۔اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی علاقائی دفاتر کے افسران اور میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے ادارے کے انوسٹی گیشن افسران اور وفاقی سرکاری اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی ہے کہ وہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھائیں، فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ سال رواں کے دوران ایک لاکھ 78 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کر چکے ہیں۔وفاقی محتسب گزشتہ روز ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔اجلاس میں علاقائی دفاتر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا اور گوجرانوالہ کے افسران نے شرکت کی۔ بعدازاں وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گیارہ ستمبر کو اوائے اوائے کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں پاکستان کے وفاقی محتسب کو متفقہ طور پر اوائے اوائے کا صدر منتخب کیا گیا جو پاکستان کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے۔وفاقی محتسب نے علاقائی دفاتر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران سے کہا کہ علاقہ کے غریب عوام کے مسائل کے حل کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے، سرکاری افسران کو غریب لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔وفاقی محتسب نے کہا کہ اضافی بجٹ اور مزید عملہ طلب کئے بغیر ہمارے افسران کی انتھک محنت نیز کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے، سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں اور ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کئے گئے جب کہ اس سال اب تک ایک لاکھ 83 ہزار سے زائد شکایات آچکی ہیں۔توقع ہے کہ سال کے آخر تک یہ تعداد ایک لاکھ 90 ہزار سے بڑھ جائے گی، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس میں آگاہی پیدا کرنے میں میڈیا کا اہم کردار ہے۔ وفاقی محتسب نے پریس کانفرنس کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی میڈیا کو آگاہ کیا۔انہوں نے میڈیا پر زور دیا کہ وہ محتسب کے پیغام کو عام کرنے میں تعاون کریں تاکہ پاکستان کے غریب عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہی ہو اور وہ اس ادارہ کے ذریعے فوری اور مفت ریلیف حاصل کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کو ثالثی اور مصالحتی انداز میں نمٹانے کا پروگرام Informal Resolution of Disputes(IRD) اپریل 2022ء میں کچھ دفاتر میں شروع کیا گیا جو بہت کامیاب رہا ہے، اس سے غریب لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوئے۔اس پروگرام کے تحت اب تک 2951 کیس حل کئے جاچکے ہیں جب کہ 473 کیسوں پر کارروائی جاری ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

13 دسمبر 2023ء